بسم اللہ الرحمن الرحیم

# بچی کا نام "سنیحہ" رکھنا کیسا؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

بچی کا نام سنیحہ نام رکھنا کیسا؟

## جواب

"سنیحہ" "سنح" سے نکلا ہے، جس کے معنی "خیر و برکت، راستہ کا بیچ، موتی، زیور، دائیں طرف سے بائیں طرف کو گزرنے والا پرندہ، آسان ہونا، میسر ہونا" کے آتے ہیں، لڑکی کا یہ نام معنیٰ کے اعتبار سے رکھنا درست ہے۔

البتہ! بہتر یہ ہے کہ بچی کا نام نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم کی ازواج مطہرات، صاحبزادیوں، صحابیات رضی اللہ تعالیٰ عنھن اور نیک خواتین کے نام پر رکھا جائے کہ حدیث پاک میں اچھے لوگوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے، نیز امید ہے کہ اچھے نام کی برکت اور ان بزرگ ہستیوں کی برکت بھی بچی کے شامل حال ہوگی۔

ناموں کی معلومات کے لئے مکتبۃ المدینہ کی کتاب "نام رکھنے کے احکام" کا مطالعہ فرمائیں۔ یہ کتاب دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا رضا محمد عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-2552

تاریخ اجراء: 29 ربیع الآخر 1447ھ/23 اکتوبر 2025ء